خواتین پر تشدد

ذرائع کی گائیڈ

Euskara - Castellano – English - **URDU** اردو - Arabic عربي - Français

Hernaniko Udala

فہرست

خواتین پر تشدد کیا ہے؟ 3

وسائل اور خدمات کیا ہیں؟ ہیرنانی میں 4

وسائل اور خدمات کیا ہیں؟ ہیرنانی سے باہر 6

رپورٹ درج کروانے کے لئے کہاں جائیں؟ 8

جنسی حملے کا سامنا کیسے کریں؟ 9

کسی خاتون کی مدد کیسے کی جائے جو زیادتی کی صورتحال کا سامنا کر رہی ہے؟ 10

یاد رکھیں!

* مدد حاصل کرنے کے لئے رپورٹ درج کروانا ضروری نہیں ہے۔

** تمام خواتین کو یہ حق حاصل ہے کہ ان کی مدد کی جائے بلا تفریق کہ ان کا تعلق کہاں سے ہے اور قانونی حالت کیا ہے۔

خواتین پر تشدد کیا ہے؟

یہ وہ تشدد ہے جو مرد کی جانب سے خواتین پر عدم مساوات کو برقرار رکھنے کے لئے کیا جاتا ہے۔ اس تشدد کا مقصد عورتوں کو امتیازی اور انحصار کرنے والی حالت میں رکھتے ہوئے، مردوں اور عورتوں کے مابین درجہ بندی کو قائم اور برقرار رکھنا ہوتا ہے۔

یہ تشدد مختلف طریقے اپنا سکتا ہے: یعنی جسمانی، جنسی، نفسیاتی (خاموش کروانا، تضحیک، کنٹرول وغیرہ) اور معاشی (مالی وسائل پر محدود اختیار دینا، روپے پر قابو رکھنا وغیرہ) طریق ہو سکتا ہے۔

خواتین پر تشدد کسی بھی قسم کا تشدد ہوتا ہے جو ان جسموں پر کیا جاتا ہے جو کہ ہمارے، مردوں اور خواتین کے بارے میں روایتی تصورات کو توڑتے ہیں: انٹر سیکس، ٹرانس، مرد و خواتین ہم جنس پرست افراد۔ اس معاملہ میں تشدد کا مقصد قائم کردہ درجہ بندی کو طاقت اور تشدد کے استعمال سے برقرار رکھنا بھی ہوتا ہے۔

وسائل اور خدمات کیا ہیں؟

ہیرنانی میں



چوراہا مساوات نسوانی اور بین ثقافت (کونسل ہیرنانی)
KULTURARTEKO PLAZA FEMINISTA

943 337 017
kulturartekoplazafeminista@hernani.eus
Florida auzoa, 28

استقبال اور مدد۔ یہاں آپ کے پاس یہ موقع ہوتا ہے کہ آپ کوآرڈینیٹر/کوآرڈینیٹروں کے ساتھ ملاقات کا وقت حاصل کیے بغیر اور سکون اور آرام سے ملاقات کر سکیں۔ یہاں پر ہی وہ آپ کو با اختیار کرنے کے لئے دیگر وسائل پیش کر سکتے ہیں۔

اوقات: پیر تا جمعہ 9:30 تا 21:00 ہفتہ 9:30 تا 14:00
جولائی اور اگست: 9:30 – 14:00

وسائل اور خدمات: ملاقات کا وقت حاصل کریں

قانونی رہنمائی
خواتین کے لئے باہمی تعاون کا گروپ

ہیرنانی کی سماجی خدمات (یونین کونسل ہیرنانی)

943 557 854
zerbitzusozialak@hernani.eus
پیر تا جمعہ 8:00 تا 14:00
Sandiusterri, 1

ہیرنانی کی میونسپل پولیس (کونسل ہیرنانی)

943 248 900
6, Agustindarren Plaza (پہلی منزل)

ابتدائی مرکز صحت ہیرنانی

943 006 666
Aristizabal kalea , بلا نمبر
پیر تا جمعہ 8:00 تا 20:00

ہنگامی صورتحال کے اوقات: پیر تا جمعہ 08:00 تا 17:00 ۔
ہفتہ، اتوار اور تعطیلات: 24 گھنٹے

تھانہ ارشائنشہ ہیرنانی

ہنگامی صورت میں/ رپورٹ درج کروانے کے لئے

943 538 840
Latxunbe auzoa , بلا نمبر
روزانہ 24 گھنٹے
یونٹ برائے صنفی اور گھریلو تشدد
پیر تا جمعہ، 7:00 تا 15:00

وسائل اور خدمات کیا ہیں؟

ہیرنانی سے باہر

یہ خدمات فوری، مفت، رازدارانہ اور گمنامی کا خیال رکھتے ہوئے فراہم کی جاتی ہیں۔

یاد رکھیں: ہیرنانی کی خدمات (چوراہا مساوات نسوانی اور بین ثقافت، سماجی خدمات وغیرہ) میں آپ کو ہیرنانی سے باہر خدمات کے بارے میں بھی معلومات مل سکتی ہیں۔

اگر آپ پیشہ ور افراد سے بات کرنا چاہیں،

111 840 900(SATEVI) یا 016۔
معلومات کی خدمت اور 24 گھنٹے ٹیلیفون سروس فراہم کی جاتی ہے اور کال کا کوئی سراغ نہیں چھوڑا جاتا۔

جنسی زیادتی کے حوالہ سے مکمل مدد کی علاقائی خدمت

دن میں 24 گھنٹے اور سال میں 365 دن
16 سال سے بڑی خواتین کے لئے اور اسی طرح ان کے خاندان یا عزیزوں کے لئے

حاضر ہونے کے لئے اوقات:
پیر تا جمعہ 8:00 تا 20:00 اور ہفتہ 10:00 تا 14:00
900 840 188
hariberria@gipuzkoa.eus
Kale Berri، 10 (سان سیباستیان)

سماجی ہنگامی صورتحال کے لئے علاقائی خدمت

943 224 411
فوری پناہ اور پیشہ ورانہ سہارا۔ اوقات اتوار 7:00 تا 21:00

ہنگامی صورتحال میں 112 پر کال کریں (SOS DEIAK)۔
میونسپل پولیس یا ارشائنشہ فوری طور پر پہنچیں گے۔

اگر آپ تشدد کی صورتحال سے گزر رہی ہیں، سکون کے ساتھ وقت لیتے ہوئے اور اپنی پہنچ میں موجود وسائل کا جائزہ لیں اور اپنے لئے موزوں ترین کا انتخاب کریں۔ یاد رکھیں کہ کئی امکانات موجود ہوتے ہیں تاکہ صورتحال کو تبدیل کرنے کے لئے راستہ نکالا جا سکے، یہاں تک کہ رپورٹ درج کروائے بغیر بھی۔ علاوہ ازیں، رپورٹ درج کروانے کی صورت میں، بیان کردہ ذرائع پر آپ کو اسے تیار کرنے اور اس کے نتیجہ میں شروع ہونے والی کارروائی کے عمل کا سامنا کرنے میں مدد کی جائے گی۔

رپورٹ درج کروانے کے لئے کہاں جائیں؟

براہ راست: پولیس ارشائنشہ / عدالت

اگر آپ نے رپورٹ درج کروانے کا فیصلہ کر لیا ہے تو مندرجہ ذیل یاد رکھیں:

- اگر آپ کا وکیل نہیں ہے تو تشدد کے نتیجہ میں متاثرین کے لئے سرکاری طور پر فراہم کردہ ڈیوٹی وکیل کا مطالبہ کریں (آپ کو یہ خدمت مفت میں حاصل کرنے کا حق ہے)۔ حتیٰ کہ یہ خدمت رپورٹ درج کروانے سے پہلے بھی آپ کے لئے دستیاب ہے؛ مزید یہ کہ: **زیادہ موزوں ہے کہ رپورٹ وکیل کی رہنمائی میں درج کروائیں۔**
- ہمیں تمام ممکنہ تفصیلات فراہم کریں کہ کیا ہوا تھا اور اگر آپ نے سابقہ طور پر تشدد کی کسی صورتحال کا سامنا کیا ہے تو اس کی بھی وضاحت کریں۔
- اگر آپ کے پاس شواہد ہیں تو انہیں ہمراہ لے کر جائیں: ٹوٹی ہوئی اشیاء، پھٹے یا خون زدہ کپڑے وغیرہ۔ اگر آپ کو کبھی زخم آیا ہے تو میڈیکل رپورٹ لے کر جائیں۔ اس کے علاوہ پیغامات، آڈیو و ویڈیو ریکارڈنگ، گواہان کے کوائف اور اگر آپ کو پیشہ ور کی خدمت میسر رہی ہے تو اس کی رپورٹیں بھی لے کر جائیں۔
- آپ ایک حفاظتی اقدام کے لئے درخواست کر سکتی ہیں۔
- دستخط کرنے سے پہلے رپورٹ میں شامل مواد کو پڑھیں اور اس کا جائزہ لیں۔
- جس پیشہ ور نے رپورٹ درج کروانے میں مدد کی ہے اس کے شناختی نمبر یا شناختی کوائف اور رپورٹ کی نقل کا مطالبہ کریں۔
- اگر آپ کے بچے ہیں تو وہ بھی تشدد کے نتیجہ میں متاثرین میں سے ہیں۔ لہٰذا، ان کے لئے بھی حفاظتی اور دیگر اقدامات متعلقہ ٹھہرتے ہیں۔
- ان صورتوں میں جہاں زبان بولنے میں مشکلات کا سامنا ہو تو آپ مفت ترجمانی کی خدمت کا مطالبہ کر سکتی ہیں۔
- اگر آپ قانونی عمر سے کم عمر کی ہیں تو ممکن ہے کہ آپ کو اپنے والدین اور یا سرپرست کے ہمراہ آنا پڑے۔ پہلے پوچھ لیں۔

جنسی حملے کا سامنا کیسے کریں؟

فوری طور پر 112 پر کال کریں۔ اگر نہیں تو پہلے بیان کردہ وسائل تک رسائی حاصل کریں۔

اہم:
* حملے کے بعد نہ نہائیں اور نہ ہی کپڑے تبدیل کریں۔ اگر حملے میں جنسی عمل آپ کے منہ کے ذریعہ انجام دیا گیا ہے تو کچھ مت کھائیں اور نہ ہی پیئیں کیونکہ اس صورت میں حملہ آور کی شناخت کے لئے اہم ثبوت مٹ سکتے ہیں۔
** اگر آپ کو صحت کی خدمات تک رسائی ہوئی ہے تو جاری کردہ میڈیکل رپورٹ کی نقل طلب کریں۔

کسی خاتون کی مدد کیسے کی جائے جو زیادتی کی صورتحال کا سامنا کر رہی ہے؟

- سنیں، اور اس پر شک مت کریں جو وہ آپ کو سنا رہی ہے، اس مسئلے کی اہمیت کو سمجھنے کی کوشش کریں جس سے وہ گزر رہی ہے۔
- کوشش کریں کہ وہ تنہا نہ ہو، اس سے رابطہ رکھیں اور اس بات کی یقین دہانی کریں کہ رشتہ دار اور دوست قریب ہیں۔
- اگرچہ وہ آپ کی پیش کردہ مدد کو قبول نہ کرے، یہ نہ سمجھیں کہ اسے ضرورت نہیں ہے۔ آپ سے اس وقت مدد طلب کرے گی جب وہ تیار ہو گی اور یہ بہت اہم ہے کہ اسے معلوم ہو کہ آپ اس کی مدد کرنے کے لئے تیار ہیں۔
- حملہ آور کی مدد نہ کریں۔
- خاتون کو یہ سمجھنے میں مدد کریں کہ یہ صورتحال اس کی وجہ سے شروع نہیں ہوئی اور تشدد کے لئے کوئی جائز وجہ نہیں ہوتی۔
- اسے معلومات فراہم کریں تاکہ وہ موزوں پیشہ ور حضرات سے رابطہ کرے۔ اگر ہو سکے، ان خدمات میں سے کسی پر اس کے ساتھ جائیں۔
- اس صورت میں کہ خاتون کی سلامتی یا زندگی کے خطرہ کو بھانپ لیں، ہنگامی خدمت کو (112) پر کال کریں۔ ان خدمات کے تحت آپ کی معلومات کو ہمیشہ مکمل طور پر صیغۂ راز میں رکھا جائے گا۔
- اگر آپ کو معلوم نہیں کہ کیا کرنا ہے تو 900840111 (SATEVI) پر کال کر سکتے ہیں اور جو پیشہ ور اس خدمت پر موجود ہوں گے وہ آپ کو اس مخصوص معاملہ کے لئے معلومات فراہم کریں گے۔ اس کے علاوہ، دیگر بیان کردہ ذرائع سے بھی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔